باب 3

اعداد سے کھیلنا

(Playing with Numbers)

4618CH03

3.1 تعارف (Introduction)

رمیش کے پاس 6 ماربل کنچے ہیں۔ وہ ان کو کچھ اس طرح قطاروں میں ترتیب دینا چاہتا ہے کہ ہر قطار میں برابر برابر کنچے ہوں۔ وہ ان کو درج ذیل طریقہ سے ترتیب دیتا ہے اور سبھی کنچوں کو ملاتا ہے۔



(i) ہر قطار میں ایک کنچے

قطاروں کی تعداد = 6

کنچوں کی کل تعداد = $6 \times 1 = 6$



(ii) ہر قطار میں دو کنچے

قطاروں کی تعداد = 3

کل کنچوں کی تعداد = $2 \times 3 = 6$



(iii) ہر قطار میں تین کنچے

قطاروں کی تعداد = 2

کل کنچوں کی تعداد = $3 \times 2 = 6$

(iv) وہ کسی ایسی ترتیب کے بارے میں نہیں سوچ سکتا جس میں ہر قطار میں 4 کنچے یا 5 کنچے ہوں اس لیے صرف ایک ہی ترتیب کے سبھی چھ کنچے ایک ہی قطار میں ہوں۔

قطاروں کی تعداد = 1

کنچوں کی کل تعداد = $1 \times 6 = 6$

© NCERT not to be republished